## ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ پر الطاف حسین
## کی صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے گفتگو
## ڈاکٹر عاصم کبیر کی بازیابی کیلئے بھرپور کوششیں کررہے ہیں۔ڈاکٹر ذوالفقار مرزا

لندن۔۔۔24 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی اور ایم کیوایم نوابشاہ کے سابق زونل انچارج عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ پرصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے ٹیلیفون پر بات چیت کی اورانہیں اغواء کے واقعہ پر کارکنان وعوام میں پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے کہا کہ بعض عناصر صوبہ میں قائم خوشگوار سیاسی فضاء کوخراب کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے وزیرداخلہ سے کہا کہ عاصم کبیر کوفی الفور بازیاب کرایا جائے اوراغوا کے واقعہ میں ملوث افراد کوگرفتار کرکے سخت سے سخت سزادی جائے۔ڈاکٹر ذوالفقار مرزا نے جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ پولیس وانتظامیہ ڈاکٹر عاصم کبیر کی بازیابی کیلئے بھرپور کوششیں کررہی ہے اورانشاءاللہ جلدہی عاصم کبیر کو بازیاب کرلیا جائے گا۔

## ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ پر الطاف حسین
## کی وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک سے گفتگو، عاصم کبیر کوفی الفور بازیاب کرایا جائے۔الطاف حسین
## پولیس وانتظامیہ ڈاکٹر عاصم کبیر کی بازیابی کیلئے بھرپور کوششیں کررہی ہے۔رحمٰن ملک

لندن۔۔۔24 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی اور ایم کیوایم نوابشاہ کے سابق زونل انچارج عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ پروفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک سے ٹیلیفون پر بات چیت کی اورانہیں اغواء کے واقعہ پر کارکنوں میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے کہا کہ عاصم کبیر کوفی الفور بازیاب کرایا جائے۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ حکومتی مشینری اور پولیس وانتظامیہ ڈاکٹر عاصم کبیر کی بازیاب کیلئے بھرپور کوششیں کررہی ہے۔

## ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی اورایم کیوایم نوابشاہ کے سابق زونل انچارج عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ پر الطاف حسین کی
## صوبائی وزیر پیر مظہرالحق سے ٹیلی فون پر گفتگو، انشاءاللہ جلدہی عاصم کبیر کو بازیاب کرلیا جائے گا، پیر مظہرالحق

لندن۔۔۔24 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی اور ایم کیوایم نوابشاہ کے سابق زونل انچارج عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ پر منگل کے روزصوبائی وزیر پیر مظہرالحق سے ٹیلیفون پر بات چیت کی اورانہیں اغواء کے واقعہ پر کارکنان وعوام میں پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے پیر مظہرالحق سے کہا کہ بعض عناصر صوبہ میں قائم خوشگوار سیاسی فضاء کوخراب کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عاصم کبیر کوفی الفور بازیاب کرایا جائے اوراغوا کے واقعہ میں ملوث افراد کوگرفتار کرکے قانون کے مطابق سزادی جائے۔پیر مظہرالحق نے جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ پولیس وانتظامیہ ڈاکٹر عاصم کبیر کی بازیابی کیلئے ہرممکن کوشش کررہی ہے اورانشاءاللہ جلدہی عاصم کبیر کو بازیاب کرلیا جائے گا۔

## شاہ فیصل کالونی میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت قیام امن کمیٹی برائے شاہ فیصل کالونی کی تشکیل

## اجلاس میں کمیٹی کے چیئر مین کیلئے حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد کو منتخب کیا گیا جبکہ دونوں جانب کے علماء رکن کی حیثیت سے کمیٹی میں شامل ہوں گے

## اجلاس میں جماعت اہلسنت، اہل تشیع، سنی تحریک کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین، ڈی آئی جی کراچی اورحق پرست اراکین اسمبلی کی شرکت

کراچی ۔۔۔24،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام شاہ فیصل کالونی میں دو گروہوں کے درمیان تشدد اور گھیراؤ جلاؤ کے واقعات کے بعد فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے اہلسنت اور اہل تشیع علماء کے اتفاق رائے سے قیام امن کمیٹی برائے شاہ فیصل کالونی تشکیل دیدی گئی ہے۔اجلاس میں ڈی آئی جی کراچی اور انتظامیہ نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی، رکن سندھ اسمبلی نشاط محمد ضیاء اور شاہ فیصل کالونی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ارتضٰی فاروقی بھی موجود تھے۔اجلاس میں علمائے کرام کے اتفاق سے قیام امن کمیٹی برائے شاہ فیصل کالونی کے چیئر مین کیلئے حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کو منتخب کیا گیا جبکہ اس کمیٹی میں اہلسنت اور اہل تشیع مکتبہ فکر کے علمائے کرام اراکین کی حیثیت سے شامل ہوں گے۔اجلاس میں جماعت اہلسنت شاہ فیصل کالونی کے ناظم اعلیٰ مولانا سید محمد راشد علی قادری، جامعہ دارالعلوم قادریہ سبحانیہ کے مہتمم مفتی عبدالعلیم قادری، اہل تشیع علمائے کرام الحاج محمد میاں زیدی، بدر علی ترمذی، مرزا وقار احمد علی رضوی، غلام محمد مہدی اور سنی تحریک کی مجلس رابطہ کمیٹی کے اراکین محمد رضوان مختار، محمد آفتاب قادری کے علاوہ شاہ فیصل کالونی سنی تحریک کے کنوینئر محمد کاشف قادری نے شرکت کی۔اجلاس میں 10 نکات پر اتفاق کیا گیا جس میں شاہ فیصل کالونی میں دو گروہوں میں ہونے والے تصادم کے نتیجے میں زخمی موذن کا علاج قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر شاہ فیصل کالونی ٹاؤن کرائیگا جبکہ امام بارگاہ کے پیچھے نذر آتش کئے گئے مکان کی تعمیر بھی ٹاؤن ہی کرا کر دیگا۔مذہبی رواداری اور ایک دوسرے کے شعائر کا احترام اور ایک دوسرے کی مذہبی رسومات کو باہمی اتفاق سے نبھایا جائیگا، کسی بھی لا اینڈ آرڈر کی صورتحال میں انتظامیہ فوری ایکشن لے گی اور کمیٹی کے فیصلے کا انتظار نہیں کرے گی، کمیٹی یا فریق انتظامیہ سے تصادم سے اجتناب کریں گے اور بعد ازاں انتظامیہ کے فیصلے پر غور وخوص کے بعد اقدام اٹھائیں گے، انتظامیہ کسی کو بھی جائز یا ناجائز اسلحہ کی نمائش پر گرفتار کرے تو کمیٹی کسی بھی گروپ کو اس کی حمایت سے روک دے گی، کمیٹی باہمی رضامندی سے کسی بھی مسئلہ کو زیر بحث لا کر فیصلہ کر سکتی ہے، کسی کے ذاتی فعل وقول کا ذمہ دار کسی بھی فریق کو نہیں ٹھہرایا جائیگا، کمیٹی کے ارکان اپنے دائرے اختیار کے افراد کے قول وفعل کے ذمہ دار ہونگے اس کے علاوہ فوری طور پر پائیدار امن کا قیام کے نکات شامل ہیں۔اجلاس میں علمائے کرام نے شہر اور بالخصوص گزشتہ دنوں شاہ فیصل کالونی میں ہونے والے فرقہ وارانہ فسادات کی آگ پر قابو پانے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے مثبت کردار کی تعریف کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## وفاقی وزیر صنعت و پیداوار آیت اللہ درانی کی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

کراچی ۔۔۔23رفروری2009ء۔۔۔وفاقی وزیر صنعت و پیداوار آیت اللہ درانی نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین شاہد لطیف اور نیک محمد سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ ان کی خواہش تھی کہ وہ نائن زیرو کا دورہ کریں اور آج انہیں یہاں آکر بہت خوشی ہوئی ہے۔انہوں نے جمہوری نظام کے استحکام کے لئے ایم کیوایم کی پالیسیوں کو سراہا۔آیت اللہ درانی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی کوششوں سے آج ملک کی اسمبلیوں میں مڈل کلاس کی نمائندگی ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کی مضبوط تنظیمی اسٹرکچر کی تعریف کی۔آیت اللہ درانی نے کہا کہ ملک کے مستقبل کیلئے مڈل کلاس کے لوگوں کی اسمبلیوں میں اکثریت ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ میں بھی مڈل کلاس سے تعلق رکھتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کی حکمرانی کا سوچ طلوع ہوگا اور ملک میں ہر طرف خوشحالی، عدل وانصاف کا دور دورہ ہوگا۔رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک اس وقت کسی قسم کا رسہ کشی کا متحمل نہیں ہوسکتا، اس وقت ملک معاشی بحران اور دہشتگردی کے بحران سے گزر رہا ہے اس موقع پر تمام سیاسی جماعتوں کو پاکستان کو مضبوط کرنے کیلئے سیاسی معاملات کو بلائے طاق رکھ ملکی مفاد کیلئے کام کرنا چاہئے۔ ملاقات میں قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی سید حیدر عباس رضوی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، سفیان یوسف، آصف حسنین و دیگر موجود تھے۔

## اسلام عدم تشدد کا درس دیتا ہے، طیب حسین ہاشمی

## ایم کیوایم ایلڈ رز ونگ فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے تحت بزرگ کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔24، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ایلڈ رز ونگ کے انچارج طیب حسین ہاشمی نے کہا ہے کہ اسلام امن پسندی کا مذہب ہے جو عدم تشدد کا درس دیتا ہے اور جو لوگ بھی تشدد کر اسلام کا نام دے رہے وہ اسلام کے دوست نہیں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ایلڈ رز ونگ کے تحت فیڈرل بی ایریا سیکٹر میں بزرگ کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ایلڈ رز ونگ کے جوائنٹ انچارج وحید خان، اراکین مسعود احمد، سید اویس الحسن برنی، ضمیر الحق اور زاہد قریشی بھی موجود تھے۔طیب حسین ہاشمی نے کہا کہ اسلام امن اور آشتی کا مذہب ہے اور مذہبی انتہا پسندی عناصر اپنے مفادات کے لئے اسلامی تعلیمات کی غلط تشریح کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم بھی مسلمان ہیں، ایک اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہیں اور ہمیں اب مزید کسی بھی نام نہاد ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت کی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کی سازش مستقبل میں آنے والے خطرات کی واضح نشاندہی کر رہا ہے اور حکومت کو چاہئے کہ وہ سرحد اور قبائلی علاقوں کی صورتحال سے قبل ہی ملک کی شہ رگ کراچی اور صوبہ سندھ کو اس عفریت سے بچانے کیلئے ٹھوس اقدامات کریں۔طیب حسین ہاشمی نے بزرگ کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو پوری احساس ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں اور نوجوانوں سمیت تمام طبقہ ہائے فکر کو طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے آگاہ کرنے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔

## تمام تر مظالم کے باوجود ایم کیوایم کو نہیں دبایا جاسکا، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

## سائٹ ٹاؤن میں کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب

کراچی۔۔۔24، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی فرنٹیئر کالونی یوسی 2 سائیٹ ٹاؤن میں کارکنان کی تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین اشرف، کنزئی اور الیاس بابر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ خدمت کو عبادت سمجھ کر انجام دیتی ہے اور اس کی سیاست کا مقصد بھی انسانیت کی بلاتفریق خدمت ہی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو ماضی میں اسٹیبلشمنٹ نے آزادی سے کام نہیں کرنے دیا، اسے ریاستی آپریشن کا نشانہ بنا کر صفحۂ ہستی سے ختم کرنے کی کوشش کی، حق پرستی کی پاداش میں متحدہ قومی موومنٹ کے ہزاروں معصوم اور بے گناہ کارکنوں کو ماورائے عدالت قتل کر دیا گیا لیکن تمام تر مظالم کے باوجود بھی متحدہ قومی موومنٹ کی حب الوطنی کو نہیں دبا سکا اور دنیا نے دیکھا کہ کشمیر اور صوبہ سرحد کا زلزلہ ہو یا ملک وقوم کی بقاء اور سلامتی کا معاملہ ہو متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں ایسے کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں جنہیں مخالفین بھی اب سراہتے ہوئے نہیں ہچکچاتے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ انسانیت کی بلاتفریق خدمت کو اپنا شعار بنا کر رکھیں۔

## اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی سیکٹر کے زیر اہتمام پیغام کرکٹ ٹورنامنٹ کا دوسرے روز بھی جاری رہا

کراچی۔۔۔24، فروری 2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی سیکٹر کے زیر اہتمام ہونے والا پیغام کرکٹ ٹورنامنٹ دوسرے روز بھی جاری رہا۔کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوسرے دن مختلف ڈیپارٹمنٹ کی ٹیموں کے درمیان پہلے راؤنڈ کے میچز کھیلے گئے یہ میچز بیک وقت ویلکا کرکٹ گراؤنڈ اور کیمس گراؤنڈ A اور B میں کھیلے گئے کرکٹ ٹورنامنٹ میں طلباء وطالبات اور اساتذہ بطور شائقین شرکت کی اور مختلف ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے مقابلوں میں گہری دلچسپی لی۔کرکٹ ٹورنامنٹ میں I.R) Rout Eleven) سے Chem Mastangs) Geo)، (Geo Eagles) سے (Whild bherye) سے Busness Cs) pace)، (Basdshah) سے (Com.K papu Bach) سے اور (Eco Fluties) سے کامیابی حاصل کی۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے شہید کارکن شان زیدی کی والدہ محترمہ اور عمرکوٹ زون، لیاقت آباد، ملیر، نارتھ ناظم آباد، کورنگی، بلدیہ ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے شہید کارکن شان زیدی کی والدہ محترمہ شکیلہ بیگم، عمرکوٹ زون نبی سرروڈ کے یونٹ انچارج جاوید اقبال کے والد عبدالغفور، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن ناصر ایوب کی والدہ محترمہ زلیخاں بیگم، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 176 کے کارکن شہاب الدین احمد کی اہلیہ محترمہ نسرین شہاب، کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن نعمان کی والدہ صغیرا بیگم، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن زبیر لال کے والد محمد اسماعیل اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن سید علی سلمان زیدی کے والد سید شاکر حسن زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆